ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ، پارلیمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور یوسی گلشن حدید
چیئرمین راؤ صفدر حیات کے ساتھ شجرکاری مہم کا آغاز کررہے ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

(پریس ریلیز)

(چیئرمین گڈاپ ٹاؤن طارق عزیز بلوچ نے یونین کمیٹی نمبر 04 گلشن حدید سے شجرکاری مہم کا آغاز کیا)

(ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ میں شجرکاری مہم میں ہر یوسی میں پودے لگائے جائیں گے)

(پودے ہمیں صاف ہوا فراہم کرتے ہیں گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو بھی شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے)

تاریخ 09-07-2024 حوالہ نمبر TMC/G/INF/60/24:

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے پارلیمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 4 گلشن حدید گڈاپ ٹاؤن میں شجرکاری مہم کا آغاز کردیا اس موقع پر یونین کمیٹی 4 گلشن حدید کے چیئرمین راؤ صفدر حیات علاقائی معززین اور افسران بھی موجود تھے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ شجرکاری مہم سے مراد ہے درخت لگانا ماحول کو درست رکھنے اور خوبصورتی بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں یہ ہمیں صاف ہوا فراہم کرتے ہیں طوفان کا زور کم کرتے ہیں آب و ہوا کے توازن کو برقرار رکھتے ہیں اور آکسیجن فراہم کرتے ہیں ملک عزیز کو جن موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا ہے۔ درختوں کی تعداد میں اضافہ ہی ان اثرات کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں کے محفوظ رہنے کے لیے کچھ حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا بے حد ضروری ہے صرف اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ عوام کو بھی شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیےاس کا آغاز وہ اپنے گھر میں ایک پودا لگا کر کرے ماحولیاتی و فضاء آلودگی ایک جنگ ہے جس کو ہم سب نے مل کر لڑنا ہے عوام ساتھ دے گی تو ہم سب یہ جنگ جیت جائے گے شجرکاری مہم کا آغاز یوسی گلشن حدید سے کردیا گیا ہے گڈاپ ٹاؤن کی تمام یوسیز میں پودے لگائے جائیں گے۔

جاری کردہ

رضوان صابر

ڈائریکٹر انفارمیشن

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ